© rasailojaraid.com

کتاب کو شائع کرنے پر ہم محترم پروفیسر عبدالجبار شاکر صاحب اور ان کے صاحبزادے عزیزم جمال الدین افغانی کی خدمت میں ہدیہ تبرک پیش کرتے ہیں۔

کتاب کا نام: صلوٰۃ النبی ﷺ کے حسین مناظر

تالیف: ابو الثناء قاری خلیل الرحمان جاوید

تحقیق و تخریج: بشیر احمد بن نور محمد الدرّوازی

ضخامت: 502 قیمت: 300 روپے

ناشر و ملنے کا پتہ: جامعہ بستان الاسلامیہ گجر چوک منظور کالونی کراچی فون: 021-5888452

مولانا قاری خلیل الرحمان جاوید صاحب جماعت اہلحدیث کے ایک جید عالم دین اور مستند مصنف و محقق ہیں۔ ان کے مزاج شگفتہ اور پر بہار قلم سے کئی علمی، ادبی، دینی اور تحقیقی شہ پارے منصہ شہود پر آ کر اہل علم اور عوام سے داد و تحسین وصول کر چکے ہیں۔

مولانا خلیل الرحمن جاوید کا مطالعہ وسیع اور فکر بلند ہے۔ وہ معاشرے کی اصلاح اور دعوت دین کی تبلیغ و اشاعت صادقہ اپنے قلب و روح میں رکھتے ہیں۔ پیش نگاہ کتاب ”صلوٰۃ النبی ﷺ کے حسین مناظر“ ان کے اسی جذبے کا خوبصورت عکس ہے۔ نماز کے متعلق بیسیوں کتب بازار میں دستیاب ہیں نماز اور اس کے طریقہ ادائیگی کا مسئلہ جتنا نازک ہے بعض ناعاقبت اندیش مصنفین نے اس سے اتنی ہی غیر ذمہ داری کا ثبوت دیا ہے۔ اب معاملہ یہ ہے کہ کوئی نماز حنفی کا طلبگار ہے اور کوئی نماز عشری مانگتا ہے۔ باعث صد افسوس کہ جس نبی آخر الزماں ﷺ کے امتی ہیں۔ اس کے طریقہ نماز سے پہلو تہی اختیار کئے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ جزائے خیر دے مولانا خلیل الرحمان جاوید کو کہ انہوں نے مسئلے کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے نماز سے متعلق جامع اور مستند کتاب تالیف کی۔ لائق مصنف نے اپنی اس کتاب کو 12 ابواب میں منقسم کیا ہے۔ باب اول میں عبادت کا مفہوم و مقصد اور نماز کی فضیلت و فرضیت پر گفتگو کی گئی ہے باب دوئم طہارت کے مسائل پر مشتمل کیا ہے۔ باب سوئم میں وضو کے مسائل بیان ہوئے ہیں۔ باب چہارم میں نماز میں مرد اور عورت کے لباس پر بحث ہے۔ باب پنجم میں مسجد کا مقام [illegible] دلچسپ گفتگو کی گئی ہے۔ چھٹا باب اوقات نماز پر محیط ہے۔

ساتویں باب میں اذان اور اس کے متعلقہ مسائل تحریر کیے گئے ہیں۔ آٹھواں باب صف بندی سے متعلق ہے۔

نویں باب میں جماعت اور امامت، دسویں باب میں اہمیت سترہ گیارہویں باب میں تعداد رکعت اور بارھویں باب مسنون طریقہ نماز کی بحث پر مشتمل ہے۔ دیکھنے میں تو یہ بارہ ابواب ہیں لیکن ان میں جو مسائل ضبط کتابت میں لائے گئے ہیں۔ وہ پانچ سو دو صفحات پر پھیلے ہوئے ہیں نماز سے متعلق کون سا وہ مسئلہ جسے مصنف نے احاطہ تحریر میں لانے کی سعی نہیں کی۔ فروعی اور اختلافی مسائل پر جس خوبصورت انداز میں بحث کر کے فاتحہ خلف الامام، سینے پر ہاتھ باندھنا، رفع الیدین عند الرکوع و بعد الرکوع، آمین بالجہر وغیرہ کو جس طرح نکھار کر واضح کیا ہے اس کی نظیر نہیں ملتی۔ کتاب کا اسلوب بیاں سادہ، رواں اور سلیس ہے۔ احادیث کی مکمل تحقیق اور تخریج کر دی گئی ہے وضعی اور ضعیف روایات سے پرہیز کیا گیا ہے کتاب کا ہر از معلومات اور علمی دیباچہ معروف اسکالر پروفیسر عبدالجبار شاکر صاحب نے لکھا ہے۔ یہ کتاب معیار اور مواد کے لحاظ سے اس قابل ہے کہ اسے ہم نماز سے متعلق مسائل کا انسائیکلوپیڈیا کہہ سکتے ہیں۔

کتاب کی کمپوزنگ، طباعت اور کاغذ عمدہ جبکہ جلد بندی مضبوط ہے اسے ہر گھر اور ہر لائبریری میں ضرور رکھنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ مصنف کو جزائے خیر دے کہ انہوں نے یہ عظیم شاہکار تصنیف کیا۔

## مولانا عبدالستار انور صاحب کو صدمہ

جماعت کے معروف خطیب اور جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے بہی خواہ مولانا عبدالستار انور صاحب خطیب ڈھاباں خورد ضلع شیخوپورہ کی اہلیہ محترمہ طویل علالت کے بعد 21 دسمبر 2004ء بروز منگل وفات پا گئیں۔ مرحوم نہایت صابرہ و شاکرہ خاتون تھیں ان کی نماز جنازہ دوسرے دن ڈھاباں خورد میں علامہ حکیم محمد ابراہیم طارق امیر تحصیل صفدر آباد میں پڑھائی۔ جس میں تمام مکتب فکر کے افراد نے شرکت کی۔ اساتذہ جامعہ سلفیہ حضرت شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی، مولانا محمد یونس، چوہدری محمد یسین ظفر، مفتی عبدالرحمان زاہد صاحب نے مولانا عبدالستار انور صاحب سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے مرحومہ کی بلندی درجات کیلئے دعا کی اللہ تعالیٰ ان کی بشری لغزشوں سے درگزر کرتے ہوئے انہیں جنۃ الفردوس میں اعلیٰ مقام نصیب فرمائے۔ آمین

اللھم اغفر لھا وارحمھا وعافھا واعف عنھا

سائن بورڈ، فلائنگ بینر، سکرین پرنٹرز اور اشتہارات کی کتابت کیجئے
حافظ پبلسٹی
پینٹرز
کاتب
سی مار بلز پرانا لاری اڈا شیخوپورہ
04931-53331-613069
پروپرائیٹر: حافظ شبیر احمد چاچڑ

© rasailojaraid.com